ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون-021 99212639

آئی جی سندھ سے پروبیشنر آف ٹریننگ مینجمنٹ اینڈریسرچ ونگ کے 35 رکنی وفد کی ملاقات۔

کراچی02اگست2022؛۔

آئی جی سندھ غلام نبی میمن سے پروبیشنر ٹریننگ مینجمنٹ اینڈ ریسرچ ونگ،ایس جی اے اینڈ سی ڈی حکومت سندھ کے تحت ذیر تربیت افسران کے 35 رکنی وفد نے سیکریٹری ٹی ایم آر رفیق مصطفیٰ شیخ کی سربراہی میں ملاقات کی اور پیشہ ورانہ مہارت،تجربات، تجزیوں تحقیقات وغیرہ پر مشتمل سیر حاصل معلومات سے استفادہ کیا۔

ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ نے ذیر تربیت گروپ کے شرکاء کو سندھ پولیس کے جملہ انتظامی،مالیاتی ودیگر ضروری امور پر مختلف حوالوں سے تفصیلی بریفنگ دی۔بعداذاں سوالات جوابات کا سیشن ہوا جس میں شرکاء نے پولیسنگ ودیگر معلومات سے متعلق سوالات کیئے۔

آئی جی سندھ نے اس موقع پر منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے پروگرامز، جرائم کی روک تھام، اسٹریٹ کرائم کے خلاف پولیس اقدامات، آپریشنل انویسٹی گیشن ذمہ داریوں اور ملزمان کو مؤثر تفتیش کی بدولت متعلقہ عدالتوں سے مثالی سزاؤں کے عمل کیساتھ ساتھ شہری اور دیہی پولیسنگ کے درمیان کیا فرق ہے کے بارے میں بھی بتایا۔انہوں نے ہائی ویز پرسفر کو محفوظ بنانے جیسے پولیس اقدامات اور لائحہ عمل سے متعلق بھی آگاہی دی ۔مذید برآں انہوں نے سندھ میں آباد مختلف قبائل اور قبائلی نظام سے متعلق بھی تفصیلی آگاہی دی۔

آئی جی سندھ نے وفد کو بتایا کہ جرائم کے خلاف سیف سٹی پروجیکٹ کے لیئے حکومت سندھ کی جانب سے باقاعدہ بجٹ مختص کرنا ایک خوش آئند اقدام ہے۔ان کا کہنا تھا کہ فارنزک اور ماڈرن تینیکس دور حاضر کی ایک اہم ضرورت ہے جبکہ پولیسنگ کے جملہ اقدامات کو ماڈرنائزڈ کرنا وقت کا تقاضہ بن چکا ہے۔ٹیکنالوجی کا استعمال ناصرف ایک بہترین ذریعہ ہے بلکہ اس سے کسی بھی ٹاسک میں کامیابی کی شرح بڑھ جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پولیس نے ہر فیلڈ، ایونٹ اور ٹاسک کو بہتر سے بہتر اور کامیاب طریقے سے پایہ تکمیل تک پہنچانیکی کوشش کی ہے۔

ملاقات میں اے آئی جی آپریشنز سندھ اور اے آئی جی ایڈمن سی پی او بھی موجود تھے۔

-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛-؛